ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 26] [ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 4

Total No. of Questions : 26] [Total No. of Printed Pages : 4

ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 258-U (NS)

Code No. : 258-U (NS)

ಕಲಿಯನ್ನು ಅನುಕೂಲಿಸುವುದು – ವಿಜ್ಞಾನ

(ಐಚ್ಛಿಕ ವಿಷಯ)

FACILITATING LEARNING – SCIENCE

(OPTIONAL)

(ಹೊಸ ಪಠ್ಯವಸ್ತು)

(New Syllabus)

(ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ)

(Urdu Version)

ದಿನಾಂಕ : 08. 06. 2017]

Date : 08. 06. 2017]

ಸಮಯ : ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 2.00 ರಿಂದ 5.00 ರವರೆಗೆ] [ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು: 60

Time : 2.00 P.M. to 5.00 P.M.] [Max. Marks : 60

ಅಭ್ಯರ್ಥಿಯ ನೋಂದಣಿ ಸಂಖ್ಯೆ

Register Number of the Candidate

PART-I

درج ذیل ہرسوال کے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ مناسب ترین جواب چنیں اور جوابی پرچہ میں لکھیں۔ سبھی سوالات لازمی ہیں۔ 10 × 1 = 10

1. سائنسی علم میں یہ شامل نہیں ہے

(A) شک پرستی (B) تخیل

(C) ضعیف الاعتقادی (D) تخلیقیت

2. مفروضہ کے مرحلے پر توضیح پیدا ہوتی ہے

(A) صرف ایک ہو (B) کم از کم دو ہوں

(C) پانچ سے زیادہ نہ ہو (D) بے شمار ہوسکتی ہے

[Turn over

3. وہ محلول جسے غذا میں گلوکوز کی موجودگی جانچنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے

(A) سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ محلول (B) بینیڈکٹ محلول

(C) آئیوڈین محلول (D) کاپر سلفیٹ محلول

4. آبی چکر کے عمل میں شامل ہے

(A) بادل، بارش، انجماد، تبخیر (B) تبخیر، بادل، انجماد، بارش

(C) انجماد، بادل، تبخیر، بارش (D) بارش، انجماد، بادل، تبخیر

5. وہ گیس جو گرین ہاؤس اثر کا سبب بنتی ہے

(A) کاربن ڈائی آکسائیڈ (B) نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ

(C) سلفر ڈائی آکسائیڈ (D) ہائیڈروجن پیرو کسائیڈ

6. بریئل پڑھنے کے مواد کو ان بچوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جو.................طور سے معذور ہوتے ہیں۔

(A) سمعی (B) جسمانی

(C) بصری (D) دماغی

7. ایک اچھا وسیلہ.................میں مددگار رہوتا ہے

I. پڑھنے والے میں مطالعہ کی خواہش جگاتا ہے

II. پڑھنے والے میں متعلقہ مہارتیں بڑھاتا ہے

III. پڑھنے والے کو تحریک دلاتا ہے

(A) صرف I (B) I اور II دونوں

(C) II اور III دونوں (D) I، II اور III

8. آپ چڑیوں کے مشاہدہ کے لئے کلاس 6 کے بچوں کو جنگل لے جارہے ہیں۔ ان میں سے کون سا وسیلہ سب سے زیادہ موثر ہوگا ؟

(A) موبائل فون (B) بڑا دکھانے والا عدسہ

(C) دوربین (D) کیمرہ

9. دو نظریے کے درمیان تعلق سمجھنے میں استعمال کئے جانے والے سوال کی قسم

(A) ملتا جلتا سوال (B) کثیر انتخابی سوال

(C) تفصیلی قسم کا سوال (D) مختصر جواب والا سوال

10. تشخیص نفسی کے لئے وہ ترکیب جسے بچوں کے ذریعہ استعمال کیا جا سکتا ہے

(A) اکائی ٹسٹ (B) KWL گرڈ

(C) شرحی پیمانہ (D) ورک شیٹ

PART-II

درج ذیل سوالوں میں سے کسی **پانچ** کا جواب دیں۔کوئی جواب **نصف صفحہ** سے زیادہ نہ ہو : 5 × 2 = 10

11. ایک ایلیمنٹری اسکول کے سائنس ٹیچر کی حیثیت سے آپ کس طرح سائنس پڑھا کر بچوں میں تجسس پیدا کر سکتے ہیں ؟

12. درج ذیل مثالوں میں حقائق اور کلیات کی شناخت کریں :

a) ہوا جگہ لیتی ہے

b) عمل اور ردِ عمل مساوی اور مخالف ہوتے ہیں

c) پانی ایک آفاقی محلل ہے

d) دو مقناطیسوں کے قطبین کی طرح ایک دوسرے سے دور بھاگتے ہیں

13. 'جب پانی میں شکر حل کی جائے تو پانی کا حجم نہیں بدلتا ہے۔' کیا اس کا وزن بدلتا ہے ؟ تجزیہ کریں۔

14. NCF 2005 کے مطابق سائنس پڑھانے کے کوئی چار مقصود بتائیں۔

15. بچوں میں سائنس پڑھانے میں ''گیمز'' والی تدبیر کے کوئی چار استعمال لکھیں۔

16. اچھے وسیلے کی کوئی چار خصوصیات بتائیں۔

17. یاد رکھنے اور سمجھنے کے مقصد کے تحت سائنسی موضوع ''پانی کے جوہر'' کے لئے دو کثیر انتخابی سوال تیار کریں۔(ہر ایک)

18. کوئی دو ایسے حالات کی مثالیں دیں جو روشنی کے انتشار کے اصول کے تعلق سے آپ کی روزمرہ کی زندگی میں پیش آسکتے ہیں۔

PART-III

درج ذیل میں سے ہر ایک کے لئے ایک متبادل سوال ہے۔ (a) یا (b) کا جواب دیں۔ ہر جواب **ایک صفحہ** سے زیادہ نہ ہو۔ 8 × 5 = 40

19. (a) ''سائنسی تفتیش کا انحصار یقینی طریق عمل پر ہوتا ہے'' اس بیان کو ثابت کریں۔

یا

(b) ٹرانسپورٹ اور رسائل کے میدانوں میں سائنس اور تکنالوجی کے کارنامے بیان کریں۔

20. (a) آپ یہ دکھانے کے لئے کہ نوری عمل کے دوران سبز پودے آکسیجن خارج کرتے ہیں، کس طرح کا تجربہ کریں گے ؟

یا

(b) آپ غذا میں پروٹینوں کی موجودگی کا پتہ چلانے کے لئے کس طرح تجربہ کریں گے ؟ اس میں شامل کوئی دو طریق عمل لکھیں۔

21. (a) 'ٹھوس فضلہ انتظام' کے موضوع پر آپ کس طرح ایک پروجیکٹ ترتیب دیں گے ؟ اس کے کوئی دو فائدے لکھیں۔

یا

(b) 5E پڑھانے کے نمونے پر عمل کر کے اپنی پسند کے سائنسی موضوع کے لئے سبق منصوبہ کا ایک مختصر خاکہ تیار کریں۔

22. (a) مقامی وسائل کا انتخاب کریں اور ''مٹی اور اس کی قسمیں'' کے موضوع کے لئے ان کے استعمال کا منصوبہ بنائیں۔

یا

(b) ایک سائنس ٹیچر کی حیثیت سے آپ کس طرح ہائر پرائمری اسکول کی سائنسی نصابی کتاب کا ناقدانہ تجزیہ کریں گے ؟

23. (a) اشتراک عمل اور معاون آموزش کیا ہے ؟ کلاس روم کے اندر آپ کس طرح گروہی سرگرمیوں کو ترتیب دیں گے؟

یا

(b) مطالعہ کی معذوری والے بچوں کے لئے آپ کس طرح قدرتی ماحول اور طریقوں میں مناسب ترمیم کا اہتمام کریں گے؟ واضح کریں۔

24. (a) تفتیش کے تربیتی نمونے کی سوچمان (Suchman) کی نحوی ترکیب کے 5 مرحلے مختصر طور پر بیان کریں۔

یا

(b) سائنس پڑھانے میں ہیورسٹک طریقہ کے مقصود اور خرابیاں لکھیں۔

25. (a) ترکیبی تشخیص کیا ہے ؟ ترکیبی تشخیص کی کوئی چار تکنیکیں لکھیں۔ اپنی پسند کی سائنسی یونٹ کا ایک K.W.L. چارٹ تیار کریں۔

یا

(b) قیاسی نقشہ کسے کہتے ہیں ؟ اپنی پسند کے کسی موضوع کے لئے ایک قیاسی نقشہ لکھیں۔

26. (a) ایسے ابعاد کا تجزیہ کریں جن پر سائنس کے مطالعہ میں طلبا کی پیش رفت کی رپورٹ کرتے وقت توجہ دی جاتی ہے۔

یا

(b) امتیازی ترکیبی تشخیص کیا ہے ؟ سائنس کے ٹیچر کی حیثیت سے آپ کس طرح ترکیبی اور مجموعی تشخیص کو یکجا کریں گے ؟